AL-ABBAS | SUGAR Mills Limited

Ref No. AASML/PSX/22/04

December 29, 2022

The General Manager,
M/s. Pakistan Stock Exchange Limited;
Stock Exchange Building,
Stock Exchange Road,
Karachi.

Dear Sir,

We are enclosing herewith Copies of our advertisements to be published in daily **"The Nation",** and daily **"Jehan Pakistan"**, December 30, 2022 regarding that Notice of Annual General Meeting of the Company.

This is for your information and record.

Thanking you,

Yours truly,

AL-ABBAS SUGAR MILLS LIMITED KARACHI

**ZUHAIR ABBAS**
*Company Secretary*

**Encl: as stated above**

54 x 4

AL-ABBAS

# AL-ABBAS SUGAR MILLS LIMITED

# NOTICE OF 32nd ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 32nd Annual General Meeting of Al-Abbas Sugar Mills Limited will be held at Mövenpick Hotel, Karachi on **Thursday, January 26, 2023** at **12:00 noon** to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the 31st Annual General Meeting of the shareholders of the Company held on January 26, 2022.
2. To receive, consider and adopt Annual Audited Financial Statements for the year ended September 30, 2022, together with the reports of the Auditors' and Directors' thereon.
3. To declare and approve the cash dividend for the year ended September 30, 2022 on the ordinary shares of the Company. The Directors have recommended a final cash dividend at 300% i.e. Rs. 30 per share. This is in addition to the interim dividend 250% i.e. Rs. 25.00 per share already paid. The total dividend for 2021-22 will thus amount to Rs. 954.927 million i.e. Rs. 55 per share.
4. To appoint auditors for the ensuing year, and to fix their remuneration. The retiring auditors M/s. BDO Ebrahim & Co. Chartered Accountants, being eligible have offered themselves for re-appointment for the year 2023.
5. To transact any other business with the permission of the chair.

By Order of the Board

Karachi: December 30, 2022.

**Zuhair Abbas**
Company Secretary

**Notes:**

**1. Closure of Share Transfer Books:**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from January 19, 2023 to January 26, 2023 (both days inclusive) for the purpose of Annual General Meeting and payment of final dividend. Transfer requests on prescribed format, received at the office of the Share Registrar of the Company, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400 on or before the close of business on January 18, 2023 will be treated 'in time' for the purpose of above entitlement(s) to the transferees and/or to attend the AGM and vote at the meeting.

**2. Virtual Participation in the AGM Proceedings:**

Shareholders interested in attending the AGM virtually are hereby advised to get themselves registered with the Company by providing the following information through email at **agm@aasml.com**

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No./CDC Account No. | No. of Shares | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|

Online meeting link and login credentials will be shared with only those Members whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address by the end of business on Wednesday January 25, 2023. The login facility shall remain open from 12:00 noon till the end of the Meeting on January 26, 2023.

**3. Participation in the AGM:**

All members, entitled to attend and vote at the meeting, are entitled to appoint another person in writing as their proxy to attend and vote on their behalf. A proxy must be a member of the Company. In case of corporate entities, power of attorney or other authority / board resolution under which it is signed or a notarially attested copy of power of attorney lodged at the Company's Registered Office address: Pardesi House, Survey No. 2/1, R.Y.16, Old Queens Road, Karachi at least 48 hours before the time of the meeting. The Form of Proxy is attached with this notice.

CDC account holders will further have to follow the below mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.

**A. For Attending the Meeting:**

i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall authenticate his/her original valid CNIC or the original passport at the time of attending the meeting.
ii. Members registered on CDC are also requested to bring their particulars, I.D. numbers and account numbers in CDS.
iii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**B. For Appointing Proxies:**

i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the CDC Regulations shall submit the proxy form as per above requirements.
ii. Attested copies of valid CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
iii. The proxy shall produce original valid CNIC or original passport at the time of the meeting.
iv. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.
v. Proxy form will be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the form.

**4. Transmission of the Annual Audited Financial Statements through CD/DVD:**

SECP through its SRO 470 (I)/2016 dated May 31, 2016 have allowed companies to circulate their Annual Audited Financial Statements to their members through CD/DVD at their registered addresses. In view of the above, the Company has sent its Annual Report to the Shareholders in the form of CD/DVD. Any Member can send request for printed copy of the Annual Report to the Company on standard request form placed on its website https://www.aasml.com

**5. Transmission of Audited Financial Statements / Notices Through Email:**

Members are hereby informed that pursuant to SECP SRO 787(1)/2014 dated September 8, 2014, and under section 223(6) of the Companies Act 2017, circulation of Audited Financial Statements and Notice of Annual General Meeting has been allowed in electronic format through email.

In compliance with the above mentioned requirements, members who wish to receive the Annual Report 2022 in electronic form may file an application as per the form provided on the Company's website in compliance with the subject SRO. The members who have provided consent to receive Annual Report 2022 can subsequently request any other media including hard copy which shall be provided free of cost.

**6. Placement of Financial Statements on Website:**

The Financial Statements of the Company for the year ended September 30, 2022 along with reports have been placed on the website of the Company: **https://www.aasml.com**

**7. Mandatory Submission of CNIC Copies:**

With reference to the notification of Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), SRO 779(1)/2011 dated August 18, 2011, the Members/ Shareholders who have not yet submitted photo copy of their valid CNIC to the Company are required to send the same at the earliest directly to the Company's Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400. In case of non-receipt of the copy of valid CNIC and non-compliance of the above mentioned SRO of SECP, the Company may be constrained to withhold transfer of dividend in the future, if any.

**8. Dividend Bank Mandate:**

Pursuant to Section 242 of the Companies Act, 2017, members are requested to provide their CNIC's and bank account details including name of the bank, address of bank branch and International Bank Account Number (IBAN) to receive their cash dividend directly into their bank account. Therefore, all members who have not yet provided their CNIC and Bank Account details are once again reminded to immediately submit a copy of their CNIC and duly filled 'Dividend Bank Mandate Form' to the Company's Share Registrar or to the Company directly. In the absence of valid bank account details and CNIC, dividend amount will be withheld in compliance with the provisions of Act and Regulations made thereunder by the Commission. The 'Dividend Bank Mandate Form' is available on the Company's website i.e. https://www.aasml.com

Members who hold shares in CDC accounts are required to provide their bank mandates to their respective participants.

**9. Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Income tax Ordinance"):**

The rates of deduction of withholding tax for Filers and Non-Filers as prescribed under Section 150 of the Income Tax Ordinance 2001, are as under:

| S.No. | Nature of Shareholder | Rate of Deduction |
|---|---|---|
| 1 | Filers of income tax return | 15% |
| 2 | Non – filer of income tax return | 30% |

To enable the Company to make tax deductions on the amount of cash dividend at 15% instead of 30%, shareholders are requested to please check and ensure Filer status from Active Taxpayers List (ATL) available at FBR website http://www.fbr.gov.pk as well as ensure that their CNIC/Passport number has been recorded by the participant/Investor Account Services or by Share Registrar (in case of physical shareholding). Corporate entities (non-individual shareholders) should ensure that their names and National Tax Numbers (NTN) are available in ATL at FBR website and recorded by respective Participant/Investor Account Services or in case of physical shareholding by Company's Share Registrar.

**Withholding tax on Dividend in case of Joint Account Holders**

Members who have joint shareholdings held by Filers and Non-Filers shall be dealt with separately and in such particular situation, each account holder is to be treated as either a Filer or a Non-Filer and tax will be deducted according to his/her shareholding.

If the share is not ascertainable then each account holder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly. Therefore, in order to avoid deduction of tax at a higher rate, the joint account holders are requested to provide the below details of their shareholding to the Share Registrar of the Company latest by the Annual General Meeting date.

| Folio / CDC A/c No. | Name of Shareholder | CNIC | Shareholding | Total Shares | Principal / Joint Shareholder |
|---|---|---|---|---|---|

**Valid Tax Exemption Certificate for Exemption from Withholding Tax**

A valid tax exemption certificate is necessary for exemption from the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. Members who qualify under Clause 47B of Part IV of the Second Schedule to the Income Tax Ordinance, 2001 and wish to seek an exemption must provide a copy of their valid tax exemption certificate to the Shares Registrar prior to the date of commencement of Book closure otherwise tax will be deducted according to the applicable law.

**10. Unclaimed Dividend / Shares under Section 244 of the Companies Act, 2017:**

An updated list for unclaimed dividend / shares of the Company is available on the Company's website https://www.aasml.com. These are unclaimed dividend / shares, which have remained unclaimed or unpaid for a period of three (3) years from the date these have become due and payable.

Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and share are lodged promptly. Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend, if any, are advised to contact our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400 and collect / enquire about their unclaimed dividend, if any. Incase no claim is lodged, the Company shall proceed to deposit the unclaimed/unpaid Account and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244 (2) of Companies Act, 2017.

**11. Consent for video conference facility:**

Pursuant to Section 132(2) & section 134(b) of the Companies Act, 2017, if the Company receives consent form from Shareholders holding aggregate 10% or more shareholding residing at geographical location to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility please provide following information and submit to registered office of the Company:

I / We, ________________________________ of ________________, being a member of Al-Abbas Sugar Mills Limited, holder of ________________________ ordinary share(s) as per Registered Folio / CDC Account No. ______________________ hereby opt for video conference facility at ______________________.

Signature of Member

**12. E-Voting:**

Members can exercise their right to demand a poll subject to meeting requirements of Section 143 – 145 of Companies Act, 2017 and applicable clauses of Companies (Postal Ballot) Regulations 2018.

**13. Deposit of Physical Shares into CDC Accounts:**

As per section 72 of the Companies Act, 2017 every existing Company shall be required to replace its physical shares with book-entry form in a manner as may be specified and from the date notified by the SECP, within a period not exceeding four years from the commencement of the Companies Act, 2017, i.e 30th May 2017. The shareholders having physical shareholding are once again requested to open CDC sub-account with any of the brokers or investors account directly with CDC to place their physical shares into scrip less form. Conversion of physical shares into scripless form will facilitate the shareholders in many ways, including safe custody, efficient trading and convenience in other corporate actions. Al-Abbas Sugar Mills Limited's Share Registrar is available to facilitate the shareholders regarding conversion procedure.

ORIENTmcCANN

AL-ABBAS

# العباس شوگر ملز لمیٹڈ

## 32 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

مطلع کیا جاتا ہے کہ العباس شوگر ملز لمیٹڈ کا 32 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز جمعرات مورخہ 26 جنوری 2023 بوقت دوپہر 12:00 بجے بمقام Mövenpick ہوٹل، کراچی میں منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**عمومی امور:**

1۔ کمپنی کے حصص یافتگان کے 31 ویں سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 26 جنوری 2022 کے اجلاس کی کاروائی کی تصدیق۔

2۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے ختم شدہ سال 30 ستمبر 2022 کے ساتھ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ کی وصولی، اس پر غور وخوض اور منظوری۔

3۔ ختم شدہ سال 30 ستمبر 2022 کے لئے کمپنی کے عمومی حصص پر حتمی نقد منافع منقسمہ کا اعلان اور منظوری۔ ڈائریکٹرز نے حتمی نقد منافع منقسمہ 300 فیصد کی شرح سے یعنی بحساب 30 روپے فی حصص کی سفارش کی ہے۔ یہ عبوری نقد منافع منقسمہ 250 فیصد کے علاوہ ہے جو کہ بحساب 25 روپے فی حصص پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔ اس طرح برائے سال 22-2021 کا کل نقد منافع منقسمہ 954.927 ملین روپے بحساب -/55 روپے فی حصص ہوا ہے۔

4۔ آئندہ سال کے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس سبکدوش ہوگئے ہیں اور انہوں نے اپنی متعلقہ اہلیت کی بنیاد پر برائے سال 23-2022 کے لیے دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

5۔ صدر اجلاس کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹر

زہیر عباس

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 30 دسمبر 2022

**گزارشات:**

**1۔ حصص منتقلی کتب کی بندش:**

سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد اور حتمی نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کے سلسلے میں کمپنی کی حصص منتقلی کی کُتب 19 جنوری 2023 تا 26 جنوری 2023 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ٹرانسفر کی درخواستیں مجوزہ فارمیٹ پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی، 74400، کو 18 جنوری 2023 کو کاروباری دن کے اختتام سے پہلے پہلے موصول ہوجانی چاہئیں۔ صرف اس تاریخ تک موصول ہونے والی ٹرانسفر کی درخواستیں سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کی اہل تصور کی جائیں گی۔

**2۔ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت:**

وہ شیئرز ہولڈرز جو ورچوئل طور پر اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ خود کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ کروالیں اور اس کے لیے مندرجہ ذیل معلومات بذریعہ ای میل کمپنی کے اس ای میل ایڈریس agm@aasml.com پر فراہم کریں۔

| شیئرز ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو نمبر/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|

نیز لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبرز کو دی جائیں گی جن کی بھیجی ہوئی ای میل میں مطلوبہ تفصیلات ان کی دی ہوئی ای میل کمپنی کو بروز بدھ 25 جنوری 2023 تک موصول ہوں گی۔

نیز لاگ ان کی سہولت 26 جنوری 2023 سے دوپہر 12:00 بجے سے شروع ہوگی اجلاس عام کے آخر تک جاری رہے گی۔

**3۔ اجلاس عام میں شرکت:**

ہر ممبر کو اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے نیز وہ اپنی جگہ کسی دوسرے شخص کو، بذریعہ تحریر، اپنی طرف سے پراکسی مقرر کرسکتا ہے نیز پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ اور پراکسی کی تقرری کے متعلقہ کاغذات جو لازماً دستخط شدہ اور تصدیق شدہ ہونا ضروری ہیں اور اجلاس عام سے 48 گھنٹے یعنی دو دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر پردیسی ہاؤس، سروے نمبر R.Y.16, 2/1، اولڈ کوئنز روڈ، کراچی کو موصول ہونا ضروری ہیں۔ نیز پراکسی فارم اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز مندرجہ ذیل گائیڈ لائنز پر عمل کریں گے جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بیان کی ہیں۔

**(الف) اجلاس میں شرکت کے لئے:**

(i) فرد واحد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا جس کی تصدیق ریگولیشنز کی اپ لوڈ یڈ رجسٹریشن کی تفصیلات سے کی جائے گی۔

(ii) ممبر سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا قومی شناختی کارڈ، دیگر تفصیلات، آئی ڈی اور سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ لائیں۔

(iii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ، اگر پہلے نہیں دیا ہو، بوقت اجلاس کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

**(ب) پراکسی کی تقرری کے لئے:**

(i) فرد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی سیکیورٹیز اور رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، کو اپنے پراکسی فارم کمپنی ضوابط کے تحت جمع کروانے ہوں گے۔

(ii) پراکسی کو اپنے اور حقیقی حصص یافتہ کے قومی شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کرنا لازمی ہے۔

(iii) پراکسی کو اجلاس عام کے وقت اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ لازمی طور پر پیش کرنا ہوگا۔

(iv) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ، اگر پہلے نہیں دیا ہو، بوقت اجلاس کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

(v) پراکسی فارم کے کم سے کم دو گواہ ہونے چاہیں جن نام، پتے اور اصل قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم میں درج ہونے چاہیں۔

**4۔ سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی بذریعہ CD/DVD کے ذریعے فراہمی:**

ایس ای سی پی نے ایس آر او 2016/(1)470 بتاریخ 31 مئی 2016 کے تحت کمپنیز کو اجازت دی ہے کہ وہ کمپنی کے مالیاتی گوشوارے اور سالانہ رپورٹ برقی صورت میں بذریعہ ای میل ممبران کو رجسٹرڈ پتہ پر ارسال کرسکتی ہیں۔ اس بناء پر کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ تمام حصص یافتگان کو بذریعہ DVD/CD ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کردیئے ہیں۔ تاہم سالانہ رپورٹ کی کاپی کسی بھی ممبر کی درخواست پر فراہم کی جاسکتی ہے۔ اس ضمن میں درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.aasml.com پر دستیاب ہیں۔

**5۔ سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں / نوٹسز کی بذریعہ ای میل فراہمی:**

تمام ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی کے جاری کردہ ایس آر او 2014(1)787 بتاریخ 8 ستمبر 2014 اور کمپینز ایکٹ 2017 کی دفعہ (6)223 کے تحت کمپنیز کو اپنے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹسز کو برقی طور پر یعنی ای میل کے ذریعہ بھجوانے کی اجازت دی ہے۔

مذکورہ بالا قانونی تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ ممبران جو سالانہ رپورٹ 2022 برقی طور پر یعنی بذریعہ ای میل حصول کے خواہشمند ہیں تو وہ ایک درخواست فارم جو متعلقہ ایس آر او کے مطابق ہے اور اس کا فارمیٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، پر کر کے جمع کرواسکتے ہیں۔ نیز جن ممبران نے متعلقہ قوانین کے تحت بذریعہ ای میل ان رپورٹس کے حصول کی اجازت دی ہوئی ہے تو وہ بھی بعد میں ان رپورٹس کی نقول کسی بھی صورت بشمول کتابی صورت مفت حاصل کرنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**6۔ سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی ویب سائٹ پر دستیابی:**

کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمعہ رپورٹس برائے سال 30 ستمبر 2022 کمپنی کی ویب سائٹ https://aasml.com پر دستیاب ہیں۔

**7۔ قومی شناختی کارڈ کی نقل لازمی جمع کرانا:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ ایس آر او 2011/(1)779 بتاریخ 18 اگست 2011 کے حوالے سے مطلع کیا جاتا ہے کہ جن ممبران/ شیئرز ہولڈرز نے اب تک اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی میں جمع نہیں کرائی ہے تو ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد سے جلد اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی براہ راست کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئرز رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی، 74400، کے پاس جمع کروادیں۔ نیز ایسے تمام شیئرز ہولڈرز کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ قومی شناختی کارڈ کی نقل کی عدم فراہمی اور مندرجہ بالا ایس آر او کی عدم تعمیل کے باعث ایسے شیئرز ہولڈرز کو مستقبل میں ہونے والے کسی بھی منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہے۔

**8۔ نقد منافع منقسمہ کی براہ راست بینک اکاؤنٹ میں وصولی کا اختیار:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے قوائد وضوابط کے تحت ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ نقد منافع منقسمہ کی براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں منتقلی کے لیے اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل اور اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات یعنی بینک کا نام، پتہ، برانچ اور بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کمپنی کو مہیا کریں لہذا ایسے تمام شیئرز ہولڈرز جنھوں نے اب تک اپنے قومی شناختی کارڈ کی نقل اور بینک کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں ان کو یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ یہ تمام مطلوبہ معلومات اور (Dividend Bank Madate Form) یعنی نقد منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں منتقلی کا فارم پر کر کے کمپنی کے شیئرز رجسٹرار یا براہ راست کمپنی کو ارسال کریں۔ نیز قومی شناختی کارد کی نقل اور بینک کی تفصیلات کی عدم فراہمی کی صورت میں کمپنی متعلقہ قوانین یعنی ایکٹ اور معلقہ ریگولیشنز کے تقاضوں کی تکمیل کرتے ہوئے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی۔ (Dividend Bank Madate Form) کمپنی کی ویب سائٹ https://www.aasml.com پر دستیاب ہیں۔

وہ تمام ممبران جن کے شیئرز سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ہیں ان کے لیے لازمی ہے کہ وہ بینک مینڈیٹ کا اختیار اپنے متعلقہ شراکت دار کو دیں۔

**9۔ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کٹوتی:**

انکم ٹیکس آرڈینیس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی فائلرز اور نان فائلرز کی بنیاد پر درج ذیل طور پر کی جائے گی۔

| نمبر شمار | حصص یافتہ کی نوعیت | کٹوتی کی شرح |
|---|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والے | 15% |
| 2 | انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والے | 30% |

نقد منافع منقسمہ کی رقم سے انکم ٹیکس کی کٹوتی 30% کے بجائے 15% ٹیکس کی کٹوتی کے اہل بننے کے لئے ایسے تمام حصص یافتگان جن کا نام ایف بی آر کی فراہم کردہ ویب سائٹ https://www.fbr.gov.pk پر موجود ایکٹو ٹیکس ادا کنندگان کی فہرست ATL میں شامل نہیں ہے باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے نام حصص کی کُتب کی بندش سے قبل ATL میں شامل ہوجائیں اور اس کے ساتھ ہی اس بات کو بھی یقینی بنائیں کہ شراکت دار/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا شیئرز رجسٹرار نے (حقیقی حصص داری کی صورت میں) آپ کا CNIC/ پاسپورٹ نمبر درج کرلیا ہے۔ کارپوریٹ اداروں (غیر انفرادی حصص یافتگان) کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ ان کا نام اور نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) ایف بی آر کی ویب سائٹ کے ATL میں موجود ہے اور متعلقہ شراکت دار/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا حقیقی حصص داری کی صورت میں شیئرز رجسٹرار نے اپنے ریکارڈ میں ضروری ترامیم کرلی ہیں۔

**مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ سے ٹیکس کی کٹوتی:**

ممبران جو مشترکہ حصص کے مالک ہوں ان کے لئے فائلرز اور نان فائلرز ہونے کے مطابق علیحدہ علیحدہ کاروائی کی جائے گی، ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائلر یا نان فائلر ہونے کی بناء پر پیش آیا جائے گا اور اس کی شیئرز ہولڈنگ کے مطابق مروجہ ٹیکس کو منہا کیا جائے گا۔

حصص کا تناسب معلوم نہ ہونے کی صورت میں تمام شریک اکاؤنٹ ہولڈرز کا مساوی حصہ تصور کیا جائے گا اور اسی کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ چنانچہ ٹیکس کٹوتی کی بھاری شرح سے بچنے کے لئے مشترکہ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے حصص سے متعلق درج ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو سالانہ عام اجلاس سے قبل جمع کروائیں۔

| فولیو/ سی ڈی سی کا اکاؤنٹ نمبر | شیئرز ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز ہولڈنگ | کل حصص | کل پرنسپل/ جوائنٹ شیئرز ہولڈر |
|---|---|---|---|---|---|

**ٹیکس کٹوتی سے استثنی کے لیے ٹیکس استثنا سرٹیفکیٹ کی فراہمی:**

انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ٹیکس کٹوتی سے بچنے کے لیے ایک درست ٹیکس استثنا سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ وہ تمام ممبرز جن پر انکم ٹیکس آرڈینیس 2001 کے دوسرے جدول کے چوتھے حصے کی شق 47B کا اطلاق ہوتا ہے تو وہ اس شق کے تحت اپنا ٹیکس استثنا سرٹیفکیٹ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کے پاس شیئرز منتقلی کی کتب کی بندش سے قبل جمع کرائیں بصورت دیگر کمپنی مروجہ متعلقہ قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے مروجہ ٹیکس کی کٹوتی کی پابند ہوگی۔

**10۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر وصول شدہ منافع منقسمہ / حصص:**

طویل عرصے سے غیر وصول شدہ منافع منقسمہ / غیر دعوی شدہ حصص کی نئی تدوین شدہ فہرست کمپنی کی ویب سائٹ https://www.aasml.com پر موجود ہے۔ یہ ایسے تمام غیر وصول شدہ منافع منقسمہ / غیر دعوی شدہ حصص ہیں جو گذشتہ تین سال یا اس سے زائد عرصے سے غیر وصول شدہ/ غیر دعوی شدہ ہیں۔

حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ / حصص کی دعووں کی درخواستیں فوری طور پر درج کروادی گئی ہیں۔ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنے کسی منافع منقسمہ کا دعوی نہیں کر سکے تو انہیں اس کے بارے میں ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئرز رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، شیئرز ڈیپارٹمنٹ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400 سے غیر دعوی شدہ منافع منقسمہ کی وصولی کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے رابطے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ کوئی دعوی درج نہ ہونے کی صورت میں کمپنی کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)244 کے تحت قانونی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے ایسا تمام غیر ادا شدہ منافع منقسمہ وفاقی حکومت کے خزانے میں جمع کروادیا جائے گا۔

**11۔ بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کی اجازت۔**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات (2)132 اور (b)134 کے تحت کمپنی کو اگر ایسے ممبران، جن کی شیئرز ہولڈنگ 10 فیصد یا اس سے زائد ہو اور وہ اجلاس عام کی جگہ سے دور کسی اور مقام پر رہتے ہوں، اور ان کی جانب سے بذریعہ ویڈیو کانفرنس میں شرکت کا اجازت نامہ اجلاس عام سے 7 دن قبل موصول ہو تو اس صورت میں کمپنی ان کے لئے ان کے شہر میں یہ سہولت میسر ہونے کی صورت میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس عام میں شرکت کا انتظام کرے گی۔ لہٰذا اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ مہربانی مندرجہ ذیل معلومات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروادیں۔

"میں/ہم ۔۔۔۔۔۔۔ساکن ۔۔۔۔۔۔۔العباس شوگر ملز لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے ناطے اور عمومی حصص ۔۔۔۔۔۔۔ بمطابق رجسٹرڈ پورٹ فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر۔۔۔۔۔۔۔ بذریعہ درخواست ہذا ویڈیو کانفرنس سہولت ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لیے درخواست دیتے ہیں۔

-----------------------

ممبر کے دستخط

**12۔ ای رائے شماری:**

ممبران انتخابات کا مطالبہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 143 تا 145 اور پوسٹل ریگولیشنز (پوسٹل بیلٹ) 2018 کی متعلقہ دفعات کے تحت کر سکتے ہیں۔

**13۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ میں حصص جمع کروانا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے تحت ہر کمپنی کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے حقیقی حصص کو فوری طور پر ایس ای سی پی کی بتائی ہوئی تاریخ سے بک انٹری فارم میں تبدیل کروائے یعنی کمپنیز ایکٹ 2017 کے آغاز 30 مئی 2017 سے چار سال کے اندر اندر تمام حقیقی حصص کو الیکٹرانک یعنی برقی شکل میں تبدیل کروائے۔ لہذا ایسے تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر یا سرمایہ کار کے ساتھ سی ڈی سی اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے حقیقی حصص کو اسکرپ لیس فارم میں رکھ سکیں۔ اس سے حصص یافتگان کو کئی طرح کی سہولیات مہیا ہوں گی جن میں کہ حصص کی بلا نقصان محفوظ تحویل، ڈپلیکیٹ حصص کے اجرا کے لیے درکار رسمی کاروائیوں کی مشکلات سے بچنا اور اوپن مارکیٹ میں بہتر قیمت پر خرید وفروخت جیسی سہولیات شامل ہیں۔ العباس شوگر ملز لمیٹڈ کے شیئرز رجسٹرار ایسے شیئرز ہولڈرز کی رہنمائی کے لیے ہمہ وقت موجود ہیں۔

ORIENTmMcCANN